پریس ریلیز برائے اشاعت

اردو اکادمی، دہلی

سی۔ پی۔ او۔ بلڈنگ، کشمیری گیٹ، دہلی ۱۱۰۰۰۶

Phone: 23865436, 23863858, 23863566, 23863697 Fax:23863773

اردو اکادمی کے وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی سے اردو کے پروفیسروں کے وفد کی ملاقات

اردو کے حوالے سے مختلف تجاویز پیش کیں

نئی دہلی ۔28/جنوری۔

اُردو اکادمی، دہلی کے وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی سے اردو اکادمی کے دفتر میں پروفیسر ایمرٹس ڈاکٹر عبدالحق کی قیادت میں اردو کے ایک وفد نے ملاقات کی ساتھ ہی دہلی میں اردو سے متعلق مختلف کاموں کے لیے تجاویز پیش کیں۔ وفد میں پروفیسر ابن کنول (صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی)، پروفیسر معین الدین جینابڑے (شعبۂ اردو، جواہر لعل نہرو یونیوسٹی)، پروفیسر توقیر احمد خاں (شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی)، ڈاکٹر خالد علوی (شعبۂ اردو، ذاکر حسین کالج)، ڈاکٹر محمد کاظم (شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی) وغیرہ شامل تھے۔ وفد میں شامل حضرات نے جو تجاویز پیش کیں ان میں اکادمی کے پروگراموں میں دہلی کی دانش گاہوں کی نمائندگی، اساتذہ کی تصنیفات وتخلیقات کی اشاعت، اردو قاعدہ اور اردو لغت کی ترتیب واشاعت کے ساتھ ساتھ نظم ونثر کے نصابی انتخاب کی اشاعت پر زور دیا۔ دہلی کے اردو اساتذہ اور تعلیمی اداروں کی ڈائرکٹری، مونوگراف کی اشاعت، طلبا اور اسکالرز کے اشتراک سے پروگراموں کا انعقاد، مختلف دانش گاہوں میں نشستیں، مذاکرے، مباحث اور مستحق اردو والوں کی اعانت کے ساتھ ساتھ لیکچر سیریز منعقد کرانے پر بھی زور دیا۔ ایوانِ اردو کے معیار و اشاعت کو بہتر بنانے کی درخواست کی گئی۔ اس کے علاوہ کتابوں کی خرید جو پہلے اکادمی کیا کرتی تھی وہ دوبارہ کرنے کی تجویز پیش کی گئی۔ وفد کے ارکان نے یہ بھی تجویز پیش کی کہ دہلی پبلک لائبریری اور دوسری لائبریریوں میں اکادمی کی طرف سے کتابوں کی فراہمی کرائی جائے جس سے زیادہ سے زیادہ اردو کے طلبا استفادہ کرسکیں۔ یہ بھی تجویز پیش کی گئی کہ ایک اردو ڈرامے پر بھی سمینار منعقد کیا جائے جس سے اس صنف کو آگے بڑھایا جاسکے۔ پروفیسر عبدالحق اور پروفیسر ابن کنول وغیرہ نے وائس چیئرمین کے کاموں کی ستائش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ اسی طرح اردو کے فروغ میں جان ودل سے کام کرتے رہیں گے۔ وفد میں شامل تمام حضرات نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ چند ماہ کے مختصر وقت میں ہی وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی نے جو کوششیں کی ہیں اس کی قدر کی جانی چاہیے اور ان سے بہتر کام کرنے کی امیدیں رکھنی چاہئیں۔ ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی نے وفد کے اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اردو کے ان بڑے اساتذہ کی تشریف آوری سے اکادمی کے وقار میں اضافہ ہوا ہے، ساتھ ہی انھوں نے وعدہ کیا کہ ان تجاویز پر جلد از جلد غور اور عمل کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ مندرجہ بالا تجاویز میں شامل بہت سے موضوعات پر اکادمی کام کر رہی ہے جن میں مستحق اردو ادیبوں کی مالی اعانت کے ساتھ ساتھ دہلی کی مختلف تنظیموں کو شعرا اور نثر نگاروں کی شرکت کے لیے اکادمی مستقل تعاون دے رہی ہے جو آگے بھی جاری رہے گا۔ وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی نے کہا کہ یہ ساری تجاویز اردو کے لیے بہت معاون ہوں گی اور ان پر جلد عمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجدؔ دیوبندی نے وفد میں شامل تمام اردو والوں اور اردو اکادمی کا مسلسل تعاون کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال اور وزیر ثقافت والسنہ کپل مشرا کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اکادمی کے لیے اسی طرح تعاون دیتے رہیں گے جس سے اکادمی کے کاموں میں تیزی آسکے اور اردو زبان وادب کے فروغ کے لیے کچھ بہتر کام ہوسکیں۔

وفد کے اراکین وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجد دیوبندی کو تجاویز پیش کرتے ہوئے۔

محمد ہارون
اسسٹنٹ پبلی کیشن آفیسر